احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

پیر 7 مارچ 2005ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 7 مارچ 2005ء 24 محرم 1426 ہجری 7 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 51

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پاک باطنی وانشراح صدری وعصمت وحیاء وصدق وصفاء وتوکل ووفا اور عشق الٰہی کے تمام لوازم میں سب انبیا سے بڑھ کر اور سب سے افضل اور اعلیٰ واکمل وارفع واجلیٰ واصفا تھے اس لئے خدائے جل شانہ نے ان کو عطر کمالات خاصہ سے سب سے زیادہ معطر کیا اور وہ سینہ اور دل جو تمام اولین وآخرین کے سینہ و دل سے فراخ تر وپاک تر ومعصوم تر وروشن تر وعاشق تر تھا وہ اسی لائق ٹھہرا کہ اس پر ایسی وحی نازل ہو کہ جو تمام اولین وآخرین کی وحیوں سے اقویٰ واکمل وارفع واتم ہو کر صفات الٰہیہ کے دکھلانے کے لئے ایک نہایت صاف اور کشادہ اور وسیع آئینہ ہو۔

(سرمہ چشم آریہ۔ روحانی خزائن جلد2 ص 71)

وہ انسان جس نے اپنی ذات سے اپنی صفات سے اپنے افعال سے اپنے اعمال سے اور اپنے روحانی اور پاک قویٰ کے پُر زور دریا سے کمال تام کا نمونہ علماً وعملاً وصدقاً وثباتاً دکھلایا اور انسان کامل کہلایا (۔) وہ انسان جو سب سے زیادہ کامل اور انسان کامل تھا اور کامل نبی تھا اور کامل برکتوں کے ساتھ آیا جس سے روحانی بعث اور حشر کی وجہ سے دنیا کی پہلی قیامت ظاہر ہوئی اور ایک عالم کا عالم مرا ہوا اس کے آنے سے زندہ ہوگیا وہ مبارک نبی حضرت خاتم الانبیاء امام الاصفیاء ختم المرسلین فخر النبییّن جناب محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اے پیارے خدا اس پیارے نبی پر وہ رحمت اور درود بھیج جو ابتداء دنیا سے تو نے کسی پر نہ بھیجا ہو۔

(اتمام الحجۃ۔ روحانی خزائن جلد8 ص 308)

5 مبارک نام

حضرت جبیر بن مطعمؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: میرے پانچ نام ہیں۔ میں محمد ہوں۔ میں احمد ہوں۔ میں ماحی ہوں جس کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کفر کا قلع قمع کرے گا۔ اور میں وہ حاشر (مردوں کو اٹھانے والا) ہوں جس کے قدموں پر لوگ اٹھائے جاتے ہیں۔ اور میں عاقب ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب اسماء رسول اللّٰہؐ حدیث نمبر:3268)

یوم مسیح موعود

امراء اضلاع وصدر صاحبان اور مربیان و معلمین صاحبان کی خدمت میں گزارش ہے کہ یوم مسیح موعود کی مناسبت سے پروگرام منعقد کر کے احباب جماعت کو معلومات بہم پہنچائیں۔

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

اہم امور برائے سیکرٹریان تعلیم

ان دنوں میں پرائمری سے لے کر میٹرک تک کے امتحانات ہو رہے ہیں اور اس کے بعد کالج کے امتحان شروع ہونگے اس سلسلہ میں سیکرٹریان تعلیم سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل امور پر خاص توجہ دیں۔

☆ ہر طالب علم سے انفرادی رابطہ رکھیں نیز اس بات کا جائزہ لیں کہ وہ سالانہ امتحان دے رہے ہیں کہ نہیں۔ اور اگر ان کو کسی مشکل کا سامنا ہو تو اس کو لوکل لیول پر حل کرنے کی کوشش کی جائے۔

☆ جو طلباء وطالبات اگلی کلاسوں میں جائیں گے ان کی سابقہ کلاسوں کی کتب لے کر مستحق طلباء وطالبات میں تقسیم کی جائیں کیونکہ کتب نہ ہونے کی وجہ سے بعض بچے تعلیم چھوڑ جاتے ہیں۔ اس بات کا بھی خاص طور پر جائزہ لیا جائے کہ نئی کلاسوں میں جانے والے طلباء و طالبات کے پاس تمام ضروری سامان مثلاً یونیفارم، کتب، کاغذ، پنسل وغیرہ موجود ہے کہ نہیں۔ اس سلسلہ میں جو بھی مساعی کی جائے اس کی رپورٹ سیکرٹری صاحب تعلیم ضلع کے توسط سے ماہوار رپورٹ فارم پر مرکز ارسال کریں۔

☆ تمام احمدی احباب سے درخواست ہے کہ ان دنوں میں خاص طور پر ان احمدی طلباء وطالبات کو اپنی دعاؤں میں یاد رکھیں جو امتحانات دے رہے ہیں تا کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ان کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور اپنے خاندان اور جماعت احمدیہ کیلئے نیک وجود ثابت ہوں۔ آمین (نظارت تعلیم)

امریکہ سے ماہر ڈاکٹر کی آمد

مکرم ڈاکٹر میر مقبول احمد صاحب M.D ماہر امراض گردہ اور بلڈ پریشر (Nephrology and Hypertension) مورخہ

محترم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مورخ احمدیت

عالم روحانی کے لعل وجواہر (نمبر 332)

حمد ونعت کے بعد قارئین کرام کی خدمت بابرکت میں عرض پرداز ہے کہ پنڈت لیکھرام نے (جو آریہ سماج کا سرگرم اپدیشک اور دین ......اور سرور کائنات محمد مصطفیٰ ﷺ کا بدترین دشمن تھا) شروع 1897ء میں آریہ سماج وچھووالی لاہور کے مندر میں ہستی باری تعالیٰ اور اس کی صفات پر قریباً دو ہفتہ تک اس عاجز کے ساتھ بحث جاری رکھی۔

چونکہ رمضان شریف قریب آرہا تھا اور لازمی امر یہ تھا کہ اس مبارک ماہ میں بحث کو ملتوی کیا جائے اس لئے آخری بحث سے ایک رات پہلے خاکسار نے جناب الٰہی میں نہایت خلوص دل سے دعا کی کہ بجز تیری تائید غیبی اور امداد...... کے کوئی بھی ہمارا معاون و مدد نہیں۔ اس لئے تو خود ہی ایسا مضمون لکھا کہ آریہ سماج کے مندر میں سنایا جائے اور جس سے دین ...... کی حقیقت لوگوں پر اظھر من الشمس ظاہر ہو اور جاء الحق و زھق الباطل کا نظارہ علی الاعلان نظر آئے اور جس سے ثابت ہوجائے کہ دین (مصطفیٰ) ہی ایک ایسا مذہب ہے جو خدا تعالیٰ کو پسندیدہ ہے اور اس کے سوا کوئی مذہب بھی خدا تعالیٰ کو پسندیدہ نہیں۔ اس دعا کے بعد میں سو گیا اور جب رات کے ساڑھے بارہ بجے تو میں خواب سے بیدار ہوا اور مجھے محسوس ہوا کہ میرے اندر ایک ایسی فوق العادت طاقت موجود ہے جس سے پہلے میں کبھی آشنا نہ تھا اور اپنے وجود کو روزمرہ کی عادت کے خلاف چست و چالاک اور مستعد پایا اور باوجود نیم شب ہونے کے بعد میرا دماغ نیند کے غلبہ سے بالکل پاک اور صاف تھا اور کسی قسم کی اس میں غنودگی نہ تھی جب میں نے مضمون لکھنے کا ارادہ کیا تو میں کیا دیکھتا ہوں کہ آسمان سے ایک نور نازل ہو رہا ہے جس نے مجھے چاروں طرف سے احاطہ کرلیا ہے اور بجبوری ایسی حالت ہوگئی تھی جیسے صوفیا مراقبہ میں بیٹھتے ہیں۔

اس کے بعد جب میں نے مضمون لکھنے کیلئے قلم اٹھایا تو میرے دل میں ڈالا گیا کہ مضمون سے پہلے ایک نظم بھی لکھی جائے کیونکہ وہ بھی پبلک کی توجہ اور کشش کا باعث ہوا کرتی ہے۔ لیکن ساتھ ہی اس فکر میں تھا کہ کس زمین میں یہ نظم لکھی جائے تا کہ لوگوں کو اس مضمون کی طرف توجہ پیدا ہو۔ اسی حالت میں میں نے معلوم کیا کہ میرے سینہ کے اندر ایک خاص قسم کی تبدیلی واقع ہوئی ہے اور ایک غیبی آواز ہے جو کہہ رہی ہے تم لکھو ہم لکھاتے ہیں۔ اس غیبی آواز کی وساطت سے میں نے ایک مسدس لکھی جس کے چودہ بند ہیں ......اس جگہ اس امر کا بھی اظہار کردینا ضروری ہے کہ آریہ سماج وچھووالی لاہور میں کسی کو نظم پڑھنے کی اجازت نہ تھی لیکن اس دن خدا تعالیٰ کی قدرت اور تصرف کے ساتھ پریذیڈنٹ ڈیبیٹنگ کلب بعارضہ بخار سماج میں نہ آسکا اور اس کی بجائے جو شخص پریذیڈنٹ منتخب کیا گیا وہ ہمارے دفتر میں ملازم ہونے کے سبب ہم سے تعارف رکھتا تھا اس لئے اس نے نظم پڑھنے کی اجازت دی۔ خاکسار نے اس مسدس کے چند شعر پڑھے تھے کہ پنڈت لیکھرام جو اس وقت سماج میں خاکسار کے مقابل پر کچھ فاصلہ پر بیٹھا ہوا تھا ان اشعار کے سننے کے بعد یکدم سخت براوختہ ہوکر اپنی جگہ سے اٹھا اور آریہ سماج کے ہال کے عین وسط میں بلند آواز سے کہنے لگا اس نظم کو بند کرادو۔ بند کرادو۔

کیونکہ ہر ایک مصرعہ سننے کے بعد اس کے دل پر ایک ہیبت چھا رہی تھی جس سے وہ بار بار شور کر رہا تھا یہاں تک کہ وہ میرے پاس آکر کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ تم یہاں بحث کرنے آئے ہو یا لوگوں کو ...... کرنے کے لئے۔ میں نے کہا کہ ہر دو فریق اپنا اپنا فرض منصبی ادا کر رہے ہیں حق پر وہ سمجھا جائے گا جس کی خدا تائید کرے۔

اس کے بعد میں نے خدا تعالیٰ کے دو اسمائے اعظم یعنی الرحمن اور الرحیم کی تفسیر پڑھ کر سنائی جس کو میں نے براہین احمدیہ سے جو حضرت مسیح موعود...... کی سب سے پہلی تصنیف ہے اخذ کیا اور ان ہر دو اسمائے حسنیٰ سے ثابت کیا کہ انبیاء کا بھیجنا خدا تعالیٰ کا کام ہے اور انسان کی سچی محنت کا پھل دینے والا بھی وہی ہے۔ صادقوں کی حمایت میں وہ ہر وقت تیار ہے اور انہیں کی حمایت کرتا ہے اور کاذبوں کو ان کے مقابلہ میں ذلیل اور خوار کرتا ہے۔ آخر میں ایک وقت ایسا آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ جلشانہ مومنوں کی تائید فرماتا ہے اور ظلمت کو دور کر کے نور کو اس کی جگہ پھیلاتا ہے اور دنیا پر خود بخود عیاں ہوتا ہے کہ کون مذہب خدا تعالیٰ کی طرف سے ہے اور کس نبی کی اطاعت سے انسان خدا کو پاسکتا ہے۔

اس مضمون کا سبھی سامعین کے دل پر سخت گہرا اثر ہوا اور مضمون کے ختم ہونے کے بعد ایک ہندوستانی سب انجینئر صاحب جو برہمو سماج سے تعلق رکھتے تھے اٹھ کر فرمانے لگے کہ صاحبان نظم تو آپ نے بند کرادی۔ نثر میں کونسی کمی تھی جس کو آپ نے خاموشی سے سنا۔ رمضان شریف کی عید کے دوسرے دن پنڈت لیکھرام بموجب پیشگوئی حضرت مسیح موعود قتل کیا گیا اور اپنے خون سے صداقت (دین حق) پر مہر کر گیا۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

حضرت صوفی صاحب اس کے بعد تحریر فرماتے ہیں:۔

”یہ نظم عرصہ تک میرے پاس محفوظ رہی یہاں

(باقی صفحہ 11 پر)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب شادی

مکرم حنیف احمد محمود صاحب مربی سلسلہ ضلع اسلام آباد لکھتے ہیں مکرم میجر (ر) میاں عبدالباسط صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ چکلالہ سکیم نمبر3 راولپنڈی کے بیٹے مکرم ڈاکٹر احمد ناصر الدین زکریا صاحب (گولڈ میڈلسٹ) حال Scunthrope لندن کی شادی مورخہ 26 فروری 2005ء کو محترم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب مرحوم کی رہائش گاہ واقع دارالصدر ربوہ میں منعقد ہوئی۔ اس سے قبل مورخہ 5 فروری 2005ء کو حضور انور ایدہ اللہ نے بیت الفضل لندن میں ڈاکٹر احمد صاحب کے نکاح کا اعلان مشعل احمد صاحبہ بنت مکرم مرزا نصیر احمد طارق صاحب امیر جماعت احمدیہ ضلع جہلم کے ساتھ مبلغ دس ہزار پونڈ حق مہر پر فرمایا۔ تقریب رخصتانہ پر محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی نے دعا کروائی۔ اگلے روز مکرم میجر (ر) میاں عبدالباسط صاحب نے آرمی ویلفیر میس بلیو لیگون راولپنڈی میں دعوت ولیمہ کا اہتمام کیا جہاں مکرم فضل الرحمٰن خاں صاحب امیر جماعت احمدیہ راولپنڈی نے دعا کرائی۔ دولہا مکرم میاں عبدالقیوم صاحب آف کوئٹہ حال راولپنڈی کا پوتا ،مکرم کرنل (ر) پیر ضیاء الدین صاحب آف اسلام آباد کا نواسہ اور حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل صاحب مرحوم کی نسل سے ہے جبکہ دلہن مکرم صاحبزادہ مرزا منیر احمد صاحب مرحوم کی پوتی، مکرم صاحبزادہ مجید احمد صاحب کی نواسی اور حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم اے کی نسل سے ہے۔ احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو جانبین اور خاندان حضرت اقدس مسیح موعود کیلئے مثمر بثمرات حسنہ اور خیر وبرکت کا موجب بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم طارق محمود منگلا صاحب کارکن دفتر انصاراللہ پاکستان لکھتے ہیں۔ مورخہ 21 فروری 2005ء کو خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے ایک بیٹی کے بعد دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔ دونوں بیٹیاں وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہیں۔ حضور انور نے بچی کا نام کاشفہ محمود عطا فرمایا ہے۔ بچی مکرم محمد عبداللہ منگلا صاحب صدر جماعت چک منگلا سرگودھا کی پوتی اور مکرم عبدالعزیز صاحب منگلا واپڈا ٹاؤن لاہور کی نواسی ہے۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ خدا تعالیٰ بچی کو اپنی حفظ وامان میں رکھے۔ خادمہ دین بنائے اور والدین کیلئے قرۃ العین ہو۔ آمین

ولادت

مکرم راجہ محمد عبداللہ خان صاحب کارکن خلافت لائبریری ربوہ لکھتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے میرے بیٹے مکرم محمد یوسف خان صاحب جرمنی کو مورخہ 16 فروری 2005ء کو دوسری بیٹی عطا فرمائی ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے بچی کا نام عالیہ ارم عطا فرمایا ہے۔ احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ بچی اور اس کی والدہ کو صحت وسلامتی والی زندگی عطا فرمائے اور نومولودہ کو والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

نکاح

مکرم میجر ڈاکٹر صلاح الدین عمران صاحب کلیار ٹاؤن سرگودھا لکھتے ہیں کہ میرے بھائی مکرم نعیم الدین نعمان صاحب ابن مکرم غلام حسین سرور صاحب مرحوم سوہنی پورہ کالونی ، کلیار ٹاؤن سرگودھا کا نکاح ہمراہ مکرمہ مدیحہ خلیل صاحبہ بنت مکرم خلیل احمد صاحب آف نصیرہ تحصیل کھاریاں ضلع گجرات ،ایک لاکھ روپے حق مہر پر مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد دعوت الی اللہ نے مورخہ 7 فروری 2005ء کو بیت مبارک ربوہ میں پڑھا۔ دولہا حضرت شیخ مولابخش صاحب رفیق حضرت مسیح موعود (برادر نسبتی حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب) کی نسل سے ہیں۔ اور دولہن حضرت راجہ شاہ محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی پوتی اور محترم بابو میاں نذیر احمد صاحب قادیان کی نواسی ہیں۔ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ دونوں خاندانوں کیلئے مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

ولادت

مکرم محمد رشید ہاشمی صاحب صدر حلقہ شمالی چھاؤنی لاہور لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے میری بیٹی مکرمہ خالدہ تنویر صاحبہ اور داماد مکرم تنویر مظفر صاحب ابن مکرم مظفر مبارک صاحب مرحوم گلبرگ III لاہور کو مورخہ 4 فروری 2005ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام حبیب تنویر تجویز ہوا ہے۔ نومولودہ مکرم سید محمد منیر شاہ صاحب ہاشمی (مرحوم) سابق صدر جماعت احمدیہ ایبٹ آباد کی نسل سے ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو لمبی عمر عطا فرمائے۔ نیک، صالح، خادم دین اور اسم بامسمّی بنائے اور والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہو۔

☆......☆......☆......☆

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

دین حق کی صداقت کا ایک چمکتا ہوا نشان

حضرت مسیح موعود کی پیشگوئی دربارہ پنڈت لیکھرام

مکرم نصر اللہ خان ناصر صاحب

قسط دوم آخر

5۔2/اپریل1893ء کو حضور نے ایک کشفی منظر ایک اشتہار کے ذریعہ بیان فرمایا:۔

آج 2/اپریل1893ء مطابق 14 ماہ رمضان 1310ھ ہے۔ صبح کے وقت تھوڑی سی غنودگی کی حالت میں میں نے دیکھا کہ میں ایک وسیع مکان میں بیٹھا ہوا ہوں اور چند دوست بھی میرے پاس موجود ہیں۔ اتنے میں ایک شخص قوی ہیکل مہیب شکل گویا اس کے چہرہ پر سے خون ٹپکتا ہے۔ میرے سامنے آکر کھڑا ہو گیا ہے۔ میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو مجھے معلوم ہوا کہ وہ ایک نئی خلقت اور شمائل کا شخص ہے گویا انسان نہیں ملائک شداد وغلاظ میں سے ہے اور اس کی ہیبت دلوں پر طاری تھی اور میں اس کو دیکھتا ہی تھا کہ اس نے مجھ سے پوچھا کہ لیکھرام کہاں ہے اور ایک اور شخص کا نام لیا کہ وہ کہاں ہے۔ تب میں نے اس وقت سمجھا کہ یہ شخص لیکھرام اور دوسرے شخص کی سزادہی کے لئے مامور کیا گیا ہے مگر مجھے معلوم نہیں رہا کہ وہ دوسرا شخص کون ہے۔"

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 ص33)

6۔ پھر آپ نے 1893ء میں ہی سرسید احمد خان صاحب کو اپنی کتاب ''برکات الدعا'' میں مخاطب کر کے فرمایا:

ایکہ گوئی گر دعا ہارا اثر بودے کجاست
سوئے من بشتاب بنمائم تراچوں آفتاب
ہاں مکن انکار زیں اسرار قدر تہائے حق
قصہ کوتہ کن ببیں ازما دعائے مستجاب

(برکات الدعا۔ روحانی خزائن جلد 6 ص33)

یعنی اے وہ شخص جو کہتا ہے کہ اگر دعا میں کچھ اثر ہوتا ہے تو وہ کہاں ہے۔ میری طرف آ کہ میں تجھے دعا کا اثر سورج کی طرح دکھاؤں گا۔ تو خدا تعالیٰ کی باریک در باریک قدرتوں سے انکار نہ کر اور اگر دعا کا اثر دیکھنا چاہتا ہے تو آ اور میری دعا کا نتیجہ دیکھ لے جس کے متعلق خدا نے مجھے بتایا ہے کہ وہ قبول ہو گئی ہے یعنی لیکھرام کے متعلق میری دعا۔

7۔ حضرت اقدس نے کرامات الصادقین میں الہام الٰہی کے ذریعہ یہ خبر دی۔

کہ خدا تعالیٰ نے ایک دشمن اللہ اور رسول کے بارے میں جس کا نام لیکھرام ہے مجھے وعدہ دیا اور میری دعا سنی اور جب میں نے اس پر بددعا کی تو خدا نے مجھے بشارت دی کہ وہ چھ سال کے اندر ہلاک ہو جائے گا۔ یہ ان کے لے نشان ہے جو سچے مذہب کو ڈھونڈتے ہیں۔

(سراج منیر۔ روحانی خزائن جلد12 ص14,13)

8۔ کرامات الصادقین میں مزید وقت معین کا بھی ذکر فرمایا:۔

''وبشرنی ربی وقال مبشرا۔ ستعرف یوم العید والعید اقرب۔"

(کرامات الصادقین۔ روحانی خزائن جلد 7 ص96)

یعنی مجھے لیکھرام کی موت کی نسبت خدا نے بشارت دی اور کہا کہ عنقریب تو اس عید کے دن کو پہچان لے گا اور اصل عید کا دن بھی اس عید کے قریب ہوگا۔

اگرچہ پنڈت لیکھرام کے متعلق فروری 1886ء سے اعلان کیا جاچکا تھا کہ اس گستاخ کے لئے ایک عبرتناک سزا مقدر ہے مگر اس کی مذکورہ تفصیلات آپ کو 1893ء میں بتائی گئیں۔ ان الہامات وکشوف کا خلاصہ یہ ہے۔

اول: لیکھرام پر عبرتناک عذاب آئے گا جس کا نتیجہ موت ہوگا۔

دوم: یہ عذاب چھ سال کے عرصہ میں آئے گا۔

سوم: یہ عذاب عید کے ساتھ کے دن آئے گا یعنی عید کے پہلے یا پچھلے دن۔

چہارم: اس کی ہلاکت ایک ایسے شخص کے ذریعہ سے مقدر ہے جس کی آنکھوں سے خون ٹپکتا ہوگا۔

پنجم: وہ ''تیغ برّان محمدؐ'' یعنی رسول اللہ ﷺ کی کھنچی ہوئی تلوار کا نشانہ بن کر کیفر کردار کو پہنچے گا۔

ششم: اس کے ساتھ وہی سلوک کیا جائے گا جو سامری کے بنائے ہوئے بچھڑے سے کیا گیا تھا اور وہ یہ کہ اسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا گیا تھا اور پھر اسے جلا کر دریا میں ڈال دیا گیا تھا۔

جیسا کہ ذکر کیا گیا ہے حضور نے یہ پیشگوئیاں تفصیلی طور پر آئینہ کمالات اسلام، برکات الدعا اور کرامات الصادقین میں شائع فرمادیں۔

تصویر کا دوسرا رخ

قبل ازیں حضرت اقدس کے خلاف پنڈت لیکھرام کی گندہ دہنی اور تمسخر واستہزاء کا ذکر کسی قدر ہو چکا ہے۔ مگر ان واضح پیشگوئیوں اور آسمانی خبروں کے ساتھ اس کے لب ولہجہ میں اور بھی تندی وترشی آئی چنانچہ تصویر کا دوسرا رخ دیکھئے۔

پنڈت لیکھرام حضرت اقدس کی پیشگوئیوں کو بالکل ہی ناقابل التفات سمجھتا تھا اور جوں جوں حضرت اقدس کی طرف سے پیشگوئی کی وضاحت ہوتی گئی وہ شوخی وشرارت میں بڑھتا گیا۔

پنڈت لیکھرام کا قتل

چھ سال کا عرصہ عید کا ملحقہ دن اور عید الفطر کی آمد سے پنڈت لیکھرام کو دھڑکا لگا ہوا تھا اور اس نے احتیاطی تدابیر اختیار کی ہوئی تھیں۔ اس نے دو تنخواہ دار سپاہی اپنی حفاظت کے لئے اپنے مکان وچھووالی لاہور میں تعینات کر لئے تھے۔

5 مارچ1897ء کو عید الفطر کا دن تھا جو بظاہر سکون سے گزرا لیکن اگلے دن (6 مارچ کو) سات بجے شام لیکھرام مکان کی بالائی منزل پر بیٹھے سوامی دیانند کی سوانح عمری لکھ رہے تھے اور ایک شخص جو شدھ ہونے کے لئے پاس بیٹھا تھا اور 7 مارچ کو اسی کے باعث شدھی کی پہلی تقریب منانے کا اہتمام آریہ سماج بڑی دھوم دھام سے کرنے والی تھی۔ اس دوران پنڈت لیکھرام تصنیف کے کام سے تھک کر ذرا آرام کرنے کے لئے کھڑے ہوئے اور انگڑائی لی۔ جس پر شدھ ہونے والے شخص نے ان پر خنجر سے ایسا بھرپور وار کیا کہ انتڑیاں باہر نکل آئیں اور لیکھرام کے منہ سے بیل کی طرح نہایت زور کی آواز نکلی جسے سن کر اس کی بیوی اور والدہ اوپر گئیں مگر قاتل غائب ہو چکا تھا لیکھرام کو لاہور کے میو ہسپتال میں پہنچایا گیا۔ شام کا وقت تھا، ہسپتال میں اس وقت ڈاکٹر مرزا یعقوب بیگ (جو اس وقت میڈیکل کالج میں تعلیم پاتے تھے) ڈیوٹی پر تھے مگر انگریز سرجن ڈاکٹر پیری موجود نہ تھا۔ جب ڈاکٹر کے آنے میں تاخیر ہوئی تو لیکھرام نے بار بار کہنا شروع کیا ''ہائے میری قسمت کوئی ڈاکٹر بھی نہیں بوہڑدا'' یعنی ڈاکٹر بھی نہیں پہنچتا۔ آخر بہت انتظار کے بعد قریباً نو بجے ڈاکٹر پیری بھی آپہنچا...... ڈاکٹر پیری نے زخم سیئے لیکن قریباً 12 بجے جب وہ انتڑیاں وغیرہ صاف کر کے اور پیٹ میں داخل کر کے پیٹ وغیرہ سی کر ہاتھ دھونے لگا تو ٹانکے چھوٹ گئے اور ان کو دوبارہ سینا پڑا۔ اس وقت پولیس والوں نے لیکھرام کا بیان لینا چاہا جسے ڈاکٹر پیری نے روک دیا کہ اس میں جان کا خطرہ ہے۔ اس طرح آخر شب ہو گئی اور بالآخر لیکھرام تڑپ تڑپ کر 4 بجے صبح چل بسا اور جس طرح پیشگوئی میں قبل از وقت بتایا گیا تھا سامری کے بچھڑے کی طرح اس کی ارتھی جلائی گئی اور اس کی راکھ دریا میں بکھیر دی گئی۔ (تاریخ احمدیت جلد اول ص590)

مشہور آریہ سماجی پنڈت دیو پرکاش نے اپنی کتاب دافع الاوہام میں پنڈت لیکھرام کے واقعہ قتل پر لکھا:۔

13 فروری یا 14 فروری 1897ء کو ایک شخص لالہ ہنس راج جی کے پاس گیا۔ پھر دوسرے روز دیانند کالج ہال میں دکھائی دیا۔ وہ پنڈت لیکھرام جی کو تلاش کرتا تھا پھر پنڈت جی کو ملا۔ اس نے ظاہر کیا کہ وہ پہلے ہندو تھا۔ عرصہ دو سال سے مسلمان ہو گیا تھا۔ اب پھر اپنے اصل دھرم میں واپس آنا چاہتا ہے۔ ...... وہ پنڈت جی کے ساتھ سایہ کی طرح رہنے لگا۔ کھانا بھی عام طور پر پنڈت جی کے گھر ہی کھایا کرتا تھا۔......

6 مارچ کو صبح کے وقت ہی پنڈت جی کے مکان پر پہنچا۔ بعد ازاں پرتی ندھی کے دفتر سے ہوتا ہوا ریلوے اسٹیشن پر گیا۔ اس روز پنڈت جی ملتان سے تشریف لے آئے ......جس مکان میں پنڈت جی کام کرتے تھے وہ گلی وچھووالی لاہور میں واقع ہے اس کا نقشہ حسب ذیل ہے۔ زینہ چڑھتے ہی چھت پر اس کے ساتھ لگا ہوا ایک برآمدہ ہے۔ اس میں پنڈت جی کام کیا کرتے تھے۔ دو طرف دیوار ایک طرف اندرونی کمرہ کا دروازہ جس میں ان کی ماتا اور دھرم پتنی بیٹھی تھی اور کواڑ بند تھا۔ چوتھی طرف بالکل کھلی ہوئی تھی۔ پنڈت جی چارپائی پر جا بیٹھے اور رشی دیانند کے جیون چرتر (سوانح عمری) کے کاغذات مکمل اور مرتب کرنے میں مشغول ہو گئے اور سفاک بائیں طرف بیٹھ گیا......عین اس وقت جبکہ پنڈت جی ...... تھکاوٹ کے سبب اٹھ گئے۔ 7 بجے شام کے وقت انگڑائی لی۔ اس وقت اس ظالم نے جو صبح سے موقع کی گھات میں تھا فوراً اٹھ کر پنڈت جی کے پہلو میں چھرا گھونپ دیا۔ جس سے انتڑیاں باہر نکل آئیں۔ پنڈت جی نے ایک ہاتھ سے انتڑیوں کو تھاما اور ایک سے چھری چھین لی۔ تب پنڈت جی کی ماتا اور دھرم پتنی اس کی طرف دوڑیں ...... کچھ دیر کے بعد لوگ جمع ہو گئے اور پنڈت جی کو ہسپتال لے گئے۔ ڈاکٹر صاحب نے زخموں کو ملاحظہ کیا اور سینے میں مصروف رہے اور کہا کہ اگر صبح تک بچ گئے تو امید زیست ہے ورنہ نہیں۔

(تاریخ احمدیت جلد اول ص591)

پنڈت لیکھرام کی ہلاکت کے بعد آریہ سماجیوں

نے بڑی شورش کی۔ بابو گھانسی رام نے اعلان کیا کہ مرزا غلام احمد کی پیشگوئی پوری ہوئی۔ پنڈت مدن گوپال سناتن دھرمی نے واضح اعتراف کیا کہ پنڈت لیکھرام کے مارے جانے کی نسبت پیشگوئی پوری ہوئی۔ ہندو دکانداروں نے کئی مسلمان بچوں کو مٹھائی وغیرہ میں زہر دے دیا۔ ہندو اخباروں نے حضرت اقدس کے خلاف عوام اور حکومت کو مشتعل کیا اور صریح لفظوں میں آپ کو قاتل قرار دیا اور آپ کو قتل کی دھمکیوں کے خطوط لکھے اور بڑی بڑی انعامی رقوم کا اعلان کیا۔ (تاریخ احمدیت جلد اول ص 592 تا 594)

سلامت برتو اے مرد سلامت

حضرت اقدس کی ذات کو پنڈت لیکھرام کے قتل کا مورد و ملزم ٹھہرایا جا رہا تھا۔ مگر حضور کو ذرا بھی تشویش اور فکر نہ تھی۔ آسمان سے آپ کی سلامتی کی آواز آرہی تھی۔ اس کا ذکر حضرت اقدس نے اپنی کتاب ''نزول المسیح'' میں یوں فرمایا:۔

''جب میری پیشگوئی کے مطابق لیکھرام کے قتل ہو جانے پر آریوں میں میری نسبت بہت شور مچا اور میرے قتل یا گرفتار ہونے کے لئے سازشیں کیں۔ چنانچہ بعض اخبار والوں نے ان باتوں کو اپنی اخباروں میں بھی درج کیا تو اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے الہام ہوا۔

سلامت بر تو اے مرد سلامت

چنانچہ یہ الہام بذریعہ اشتہار کے شائع کیا گیا اور اس وعدہ کے مطابق اللہ تعالیٰ نے مجھے مخالفین کے مکر و فریب اور منصوبوں سے محفوظ رکھا۔''

(نزول المسیح۔ روحانی خزائن جلد 18 ص 571)

حضرت اقدس کے گھر کی تلاشی

جب ہندوؤں کی کوئی کوشش کارگر نہ ہوئی تو حکومت پر زور دیا گیا کہ آپ کے خلاف قتل کا مقدمہ چلایا جاوے۔ گورنمنٹ کے ماہر سراغ رساں اس واقعہ کی تحقیقات کے لئے مقرر ہوئے۔ لاہور اور امرتسر کے معزز مسلمانوں کی تلاشیاں لی گئیں۔ 8/ اپریل 1897ء کو مسٹر لیمارچنڈ ایس پی گورداسپور اور میاں محمد بخش ڈپٹی انسپکٹر بٹالہ نے پولیس کی ایک مختصر سی جمعیت کے ساتھ آپ کے گھر کی بھی تلاشی لی مگر انجام کار یہی ہوا کہ آپ یا آپ کی جماعت کا اس واقعہ سے کوئی تعلق نہیں۔

آریہ سماجی لیڈر چونکہ آپ ہی کو اس قتل کا ذمہ دار سمجھتے تھے اس لئے حضرت اقدس نے طریق فیصلہ کے لئے قسم کھانے اور قسم کھانے والے کے ایک سال تک حضرت اقدس کی بددعا سے بچ جانے پر اپنے اعتراف جرم اور لائق سزا ٹھہرنے کا اعلان کیا۔

حضرت اقدس کی اس دعوت قسم پر گنگا بشن داس نے جسارت کی مگر بعض غیر معقول شرائط لگا دیں۔ حضرت اقدس نے ہر طرح سے اتمام حجت کیا مگر اسے کوئی بھی طریق فیصلہ قبول نہ ہوا۔

قتل لیکھرام کے بارہ میں ایک اہم شہادت

مصنف حیات طیبہ حضرت شیخ عبدالقادر صاحب مربی سلسلہ نے مولوی محب الرحمٰن ابن حضرت منشی میاں حبیب الرحمٰن صاحب کی ایک شہادت درج کی ہے جس سے حقائق مزید واضح ہوتے ہیں۔

''خاکسار محب الرحمٰن عرض کرتا ہے کہ 1909ء کے قریب خاکسار کو ایک صاحب پنڈت گوکل چند ہیڈ ماسٹر نڈالوں ضلع ہوشیار پور نے بتایا کہ جس وقت پنڈت لیکھرام قتل ہوئے اس سے کچھ عرصہ پیشتر وہ ان سے سنسکرت پڑھا کرتے تھے۔ انہی دنوں ایک مسلمان ان کے پاس آیا جس نے سنسکرت پڑھنے کا شوق ظاہر کیا اور چند دن پڑھتا رہا۔ جس دن واقعہ قتل ہوا اس دن وہ وہاں موجود تھے...... جس وقت چھری اسے لگی اس نے ماں کہہ کر آواز نکالی اس کی والدہ دوڑتی ہوئی آئی تو دیکھا کہ قاتل بڑے اطمینان سے آہستہ آہستہ لیکھرام کے پاس سے چل کر سامنے ایک کوٹھڑی میں چلا گیا۔ لیکھرام کی والدہ نے بڑھ کر کوٹھڑی کا دروازہ بند کر کے کنڈی لگا دی۔ اور پولیس کو بتایا کہ قاتل اس کوٹھڑی میں ہے۔ اس وقت انگریز سپرنٹنڈنٹ پولیس موجود تھا۔ کوئی سپاہی کوٹھڑی میں جانے کو تیار نہ ہوا۔ تو سپرنٹنڈنٹ پولیس خود ایک ہاتھ میں پستول اور ایک ہاتھ میں لالٹین (کیونکہ کوٹھڑی میں اندھیرا تھا) لے کر اندر گیا اور اس نے لالٹین سے تمام کوٹھڑی کو اچھی طرح دیکھا اور کہا کہ یہاں کوئی نہیں۔ لیکھرام کی والدہ نے اصرار کیا کہ قاتل اسی کوٹھڑی میں ہے۔ اس پر سپرنٹنڈنٹ پولیس نے کہا کہ اگر مکھی بن کر نکل گیا ہو تو ممکن ہے ورنہ انسان کے نکلنے کی کوئی جگہ نہیں۔ یہ واقعہ پنڈت گوکل چند صاحب نے حلفیہ بیان کیا تھا اور میں بھی حلفیہ بیان کرتا ہوں۔'' (حیات طیبہ ص 172)

درد اور خوشی کے ملے جلے جذبات

پنڈت لیکھرام جیسے شدید دشمن دین اور عدو رسول کی ہلاکت بلاشبہ خدائے غیور کی قہری تجلی کا ظہور ہے۔ اس نشان صداقت سے حق و باطل میں امتیاز ہوا۔ اور حق کا بول بالا ہوا۔ حضرت مسیح موعود کے دل میں دین حق کے لئے بے انتہا محبت و عشق تھا۔ جس کے باعث ایک دریدہ دہن کے خلاف دعائے مستجاب کی یہ تقریب ہوئی۔ ورنہ آپ کے دل میں ایک گونہ انسانی درد کی لہریں بھی اٹھ رہی تھیں۔ جس کا اظہار حضرت اقدس کی مندرجہ ذیل تحریرات سے ہوتا ہے۔

آپ فرماتے ہیں:۔

''اس امر کو خدا تعالیٰ جانتا ہے کہ مجھے کسی سے بغض نہیں۔ اگرچہ میں لیکھرام کے معاملہ میں اس بات سے تو خوش ہوں کہ خدا تعالیٰ کی پیشگوئی پوری ہوئی مگر دوسرے پہلو سے میں غمگین ہوں کہ وہ عین ہنستا مسکراتا، سب کے لئے خوشیاں بکھیرتا، سب

محمود ناصر ثاقب صاحب۔ امیر جماعت احمدیہ برکینا فاسو

برکینا فاسو کی سرزمین پر وفات پانے والے مربی سلسلہ

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب کا ذکر خیر

کے دکھ بانٹتا وہ ہم سب کا پیارا شکیل احمد صدیقی اب اس دنیا میں نہیں رہا۔ وہ کتنا عظیم تھا کہ اسے ایسی عظیم قربانی کی توفیق ملی کہ میدان عمل میں خدمت دین بجالاتے ہوئے خدا کے حضور جا حاضر ہوا۔ فدایان احمدیت آج بھی دنیا کے شرق و غرب میں قربانیوں کے سلسلہ کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہی فدایان میں برکینا فاسو کی سرزمین پر وفات پانے والے مربی سلسلہ مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب بھی شامل ہو گئے ہیں۔

مکرم شکیل احمد صدیقی صاحب 1991ء میں جامعہ احمدیہ ربوہ میں داخل ہوئے اور 1996ء میں آپ نے مبشر کی ڈگری امتیازی رنگ میں حاصل کی۔ پڑھائی اور کھیل میں باقاعدہ تھے۔ ہمیشہ اساتذہ کا احترام کرتے اور طلباء سے بھی خوش اخلاقی سے پیش آتے۔ انتہائی ملنسار، بااخلاق اور ہر ایک سے محبت کرنے والے وجود تھے۔ جامعہ کے دوران تنظیمی کاموں میں بھی بڑی مستعدی سے حصہ لیتے۔ دعوت الی اللہ میں ہمیشہ کوشاں رہتے، ربوہ کے گردونواح میں بھی دعوت الی اللہ کے لئے نکلتے، سفر کے دوران گاڑی وغیرہ میں بھی اس فریضہ کو احسن رنگ میں سرانجام دیتے۔ 1996ء میں جامعہ احمدیہ سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد آپ کا تقرر ضلع چکوال کے شہر دوالمیال میں ہوا جہاں آپ نے انتہائی محنت اور بہادری سے ساڑھے تین سال خدمات سرانجام دیں۔ اس کے بعد آپ کو وکالت تبشیر ربوہ میں بلا لیا گیا جہاں سے آپ کا تقرر برکینا فاسو کے لئے ہوا۔

19 جنوری 2001ء کو آپ برکینا فاسو پہنچے۔ کچھ عرصہ مرکزی مشن واگا ڈوگو میں قیام کے بعد آپ کا تقرر ددوگو شہر کر دیا گیا۔ ددوگو شہر سہولیات کے لحاظ سے انتہائی دشوار گزار رہا ہے۔ اس شہر میں گردونواح میں پختہ سڑک نہ ہونے کی وجہ سے سفر انتہائی مشکل ہے لیکن جس جانفشانی سے مکرم شکیل صاحب نے اس علاقہ میں خدمت کی توفیق پائی وہ اپنی مثال آپ ہے۔ بلاخوف و خطر، راستے کی مشکلات کو پس پشت ڈالتے ہوئے جس جذبہ سے آپ نے خدمت کی وہ بیان سے باہر ہے۔ اگر آپ کی خدمت کا اندازہ لگانا ہو تو دورے سے واپسی پر آپ کی حالت سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا تھا۔ موٹر سائیکل پر ہفتہ ہفتہ کا دورہ عجیب منظر پیش کرتا تھا۔ گرد و غبار میں لت پت، پسینے سے شرابور، غیر بھی جب آپ کو خدمت دین کے لئے اس حالت میں دیکھتے تو رشک کی نگاہ ڈالتے۔

اپنے ریجن میں آپ نے مقامی لوگوں کو بہت زیادہ محبت دی۔ بچہ ہو، جوان ہو یا بوڑھا، آپ ہلکا پھلکا مذاق کر کے ہنس کر گزر جاتے پھر یہ مقامی لوگ اپنی مجالس میں اس مذاق سے لطف اندوز ہوتے۔ آپ کی محبت مقامی لوگوں سے اس قدر تھی کہ ہر کوئی جتاتا کہ میرا تعلق اس سے زیادہ ہے۔

میٹنگ، جلسے اور اجتماعات کے مواقع پر آپ سب سے خندہ پیشانی سے پیش آتے۔ خدام الاحمدیہ کے اجتماع کے موقع پر اگر آپ کا ریجن کسی مقابلہ میں کامیابی حاصل کرتا تو خدام بھاگ کر آپ کو کندھوں پر اٹھا لیتے اور نعرے لگاتے اور آپ بھی ان کے جذبات کے مطابق ان کے ساتھ شامل ہو جاتے۔

جوانی کی حالت میں مرا۔ اگر وہ میری طرف رجوع کرتا تو میں اس کے لئے دعا کرتا تا یہ بلا ٹل جاتی۔ اس کے لئے ضروری نہ تھا کہ اس بلا کے رد کرانے کے لئے ...... ہو جاتا بلکہ اس قدر ضروری تھا کہ گالیوں اور گندہ زبانی سے اپنے منہ کو روک لیتا۔''

(حقیقۃ الوحی۔ روحانی خزائن جلد 22 ص 302)

فرمایا: ''میں حلفاً کہتا ہوں اور سچ کہتا ہوں کہ مجھے کسی قوم سے دشمنی نہیں۔ ہاں جہاں تک ممکن ہے ان کے عقائد کی اصلاح چاہتا ہوں اور اگر کوئی گالیاں دے تو ہمارا شکوہ خدا کی جناب میں ہے نہ کسی اور عدالت میں اور بایں ہمہ نوع انسان کی ہمدردی ہمارا حق ہے۔ ہم اس وقت کیونکر اور کن الفاظ میں آریہ صاحبوں کے دلوں کو تسلی دیں...... ایک انسان کے جان جانے سے تو ہم دردمند ہیں اور خدا کی ایک پیشگوئی پوری ہونے سے ہم خوش بھی ہیں کیوں خوش ہیں؟ صرف قوموں کی بھلائی کے لئے۔ کاش وہ سوچیں اور سمجھیں کہ اس اعلیٰ درجہ کی صفائی کے ساتھ کئی برس پہلے خبر دینا یہ انسان کا کام نہیں ہے۔ ہمارے دل کی اس وقت عجیب حالت ہے۔ درد بھی ہے اور خوشی بھی۔ درد اس لئے کہ اگر لیکھرام رجوع کرتا زیادہ نہیں تو اتنا ہی کرتا کہ وہ بدزبانیوں سے باز آجاتا تو مجھے اللہ تعالیٰ کی قسم ہے کہ میں اس کے لئے دعا کرتا اور میں امید رکھتا تھا کہ اگر وہ ٹکڑے ٹکڑے بھی کیا جاتا تب بھی زندہ ہو جاتا۔ وہ خدا جس کو میں جانتا ہوں اس سے کوئی بات انہونی نہیں''۔

(سراج منیر۔ روحانی خزائن جلد 12 ص 28)

پنڈت لیکھرام ایک نادان اور گمراہ، حق و صداقت کا دشمن تھا۔ جس کے اپنے اقوال و اعمال ایک خوفناک ہلاکت پر منتج ہوئے اور وہ بنی نوع انسان کے لئے موجب عبرت ٹھہرا۔ آج اس نشان صداقت پر قریباً 108 سال پورے ہو چکے ہیں اور صداقت کا یہ نور پوری آب و تاب سے پھیل رہا ہے۔

آغا میر حسن صاحب

فیض احمد فیض۔ بین الاقوامی شاعر

فیض احمد فیض، پاکستان کی ان شخصیات میں سے تھے جنہیں بین الاقوامی شہرت ملی۔ وہ عظیم شاعر تھے جن کا پیغام، امن، محبت، انسانی مساوات اور غربت سے نجات تھی۔ وہ مقبولیت کی اس منزل پر پہنچے جو بہت کم لوگوں کو نصیب ہوتی ہے۔

فیض 13 فروری 1911ء کو سیالکوٹ میں پیدا ہوئے۔ ان کا آبائی گاؤں نارووال کی ایک بستی کالا قادر ہے۔ فیض کے والد سلطان محمد خان بیرسٹر تھے۔ سیالکوٹ میں وکالت سے پہلے وہ افغانستان کے بادشاہ امیر عبدالرحمٰن کے دربار میں چیف سیکرٹری کے عہدے پر بارہ سال تک فائز رہے۔ فیض نے ایک خوشحال گھرانے میں آنکھ کھولی۔ والدین نے فیض احمد خان نام رکھا۔ گھر میں ہر طرح کی آسودگی تھی۔ ناز و نعم میں ہوش سنبھالا۔ لاڈ پیار میں پرورش ہوئی۔ گھریلو رکھ رکھاؤ اور ناز برداریوں سے تعلیم حاصل کی۔

ابتدائی تعلیم چرچ مشن ہائی سکول سیالکوٹ سے حاصل کرنے کے بعد مرے کالج سے ایف اے کیا۔ فیض کا گھرانہ مذہبی تھا چنانچہ سب سے پہلے قرآن پاک کی تعلیم حاصل کی اور قرآن پاک زبانی حفظ کیا۔ صبح اپنے والد کے ساتھ فجر کی نماز پڑھنے مسجد جایا کرتے۔ معمول یہ تھا کہ اذان کے ساتھ اٹھ بیٹھتے۔ ابا کے ساتھ مسجد جاتے۔ نماز ادا کرتے گھنٹہ بھر مولوی ابراہیم سیالکوٹی، جو اپنے وقت کے بڑے فاضل تھے کا درس سنتے، پھر ابا کے ساتھ گھنٹہ ڈیڑھ گھنٹہ سیر کرتے اور پھر سکول چلے جاتے۔

بچپن ہی سے ذہین اور حساس تھے۔ انہوں نے فرصت کے لمحات میں طلسم ہوشربا، فسانہ عجائب اور عبدالحلیم شرر کے ناول پڑھنا شروع کر دیئے۔ والد کو پتہ چلا تو انہوں نے اردو کی بجائے انگریزی ناول پڑھنے کا مشورہ دیا۔ چنانچہ انگریزی ناول بھی پڑھنا شروع کر دیئے۔ غالب کے کلام کے ساتھ شعر و ادب کا مطالعہ شروع ہوا تھا۔ فیض کا کہنا تھا کہ ان دنوں غالب کی شاعری میری سمجھ میں نہیں آتی تھی لیکن میں بڑے شوق سے اسے پڑھتا تھا۔ دسویں جماعت کی تعلیم کے دوران شعر کہنا شروع کر دیئے۔

مرے کالج سیالکوٹ سے ایف اے کرنے کے بعد لاہور چلے گئے اور 1929ء میں گورنمنٹ کالج میں بی اے کے لئے تھرڈ ایئر میں داخلہ لے لیا۔ لاہور میں شعر و ادب کا گہوارہ ہی نہیں اعلیٰ شعر و ادب کا مرکز اور جدید رجحانات کا سرچشمہ تھا۔ امتیاز علی تاج، چراغ حسن حسرت، حفیظ جالندھری اور اختر شیرانی جیسی عظیم ادبی شخصیات سے ان کی ملاقاتیں رہیں۔ 1934ء میں وہ دوسرا ایم اے کر رہے تھے۔ اس دوران ان کی ادبی سرگرمیاں عروج پر تھیں۔ ایم اے کر رہے تھے تو نیلا گنبد لاہور میں مفتی محمد حسین کے درس میں شامل ہوتے۔ جامعہ اشرفیہ میں انہوں نے ایک سال کا مکمل درس لیا۔ فیض نے انگریزی اور عربی میں ایم اے کرنے کے بعد 1935ء میں ایم اے او کالج امرتسر میں انگریزی کے استاد کی حیثیت سے ملازمت کا آغاز کر دیا۔

اب ان کی شاعری کا چرچا بھی دور دور تک ہونے لگا تھا۔ دنیا کے مظلوم انسانوں اور ان کے معاشرے کے دکھوں کو فیض نے اپنا دکھ بنا لیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں ہر دکھی انسان اپنے دل کی دھڑکن محسوس کرتا۔ 1942ء میں ان کا پہلا شعری مجموعہ ''نقش فریادی'' کے نام سے شائع ہوا۔ فیض احمد فیض جوانی کے عالم میں بڑے نازک اندام تھے۔ گورے چٹے، سر پر گھنگھریالے بال، آنکھوں اور ہونٹوں پر ہر وقت ہلکی ہلکی مسکراہٹ رہتی تھی۔ صاف ستھرا اجلا لباس پہنتے تھے۔ ان کی شاعری کی طرح ان کی شخصیت بھی بہت نکھری ہوئی اور دھیمی تھی۔ فیض کے زمانے میں حسن و عشق کی شاعری کا رواج تھا۔ انہوں نے بھی اسی انداز کو اپنایا لیکن نئے ڈھنگ کی شاعری اپنائی۔ ان کی شاعری میں ایک طرف اسی حسن و عشق کا ذکر ہوتا لیکن دوسری طرف غربت اور غلامی کے خلاف جدو جہد کا پیغام!

28 اکتوبر 1941ء کو ان کی شادی لندن نژاد خاتون ایلس کیتھرین جارج سے ہوئی فیض انقلابی شاعر تھے لیکن وہ ایسا انقلاب چاہتے تھے جو پرامن ہو اور امن کو فروغ دے۔ ایسا انقلاب جو غریب اور محروم لوگوں کو خوشی اور آسودگی دے۔ انہیں آزادی ملے اور غربت اور محرومیاں دور ہوں۔ ان کی شاعری نے بہت جلد لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کر لیا۔ ان کی شہرت ہندوستان سے باہر دوسرے ملکوں تک جا پہنچی۔

دوسری عالمگیر جنگ چھڑی تو دوستوں کے اصرار پر فیض نے بھی فوج میں کمیشن لے لیا اور کیپٹن بن کر دہلی چلے گئے۔ ان کی تقرری فوج کے محکمہ تعلقات عامہ میں ہوئی۔ 1942ء سے 1947ء کے اوائل تک فیض دہلی اور راولپنڈی میں رہے اور لیفٹیننٹ کرنل کے عہدے تک پہنچے۔

جنوری 1947ء میں فوج کی ملازمت چھوڑ کر صحافت کے میدان میں اتر گئے۔ قائداعظم کے ایماء پر معروف انگریزی اخبار پاکستان ٹائمز جاری ہوا اور انہیں مدیر اعلیٰ مقرر کیا گیا۔ پاکستان ٹائمز میں انہوں نے اداریہ نویسی کا ایک نیا ڈھنگ نکالا اور اس کو ایک ادبی رنگ دے دیا۔ پاکستان بنا تو فیض پاکستان ٹائمز کے ایڈیٹر کی حیثیت سے لاہور میں ہی مقیم تھے۔

1951ء میں فیض پر کچھ دوسرے ساتھیوں سمیت بغاوت کا مقدمہ بنا جسے راولپنڈی سازش کیس کا نام دیا گیا۔ اس مقدمہ میں انہیں چار سال قید کی سزا ہوئی۔

وہ 9 مارچ 1951ء کو قید اور اپریل 1955ء میں رہا ہوئے۔ اس عرصہ میں پہلے تین مہینے سرگودھا اور لائل پور (فیصل آباد) کی جیلوں میں قید تنہائی میں رہے۔ اس کے بعد جولائی 1953ء تک انہیں حیدر آباد میں رکھا گیا، پھر رہائی تک راولپنڈی سازش کیس کے باقی اسیروں کے ساتھ منٹگمری (ساہیوال) جیل میں رکھا گیا۔

فیض احمد فیض کو کچھ لوگ مذہب سے بیگانہ سمجھتے تھے لیکن یہ محض الزام تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ مذہب انسان کی نفسیات پر بہت اچھا اثر ڈالتا ہے۔ دین جو انسانیت سکھاتا ہے وہ ہمیشہ ان کے مدنظر رہا۔ حیدر آباد جیل میں وہ قرآن پاک اور حدیث شریف کا درس دیا کرتے تھے۔ کئی ساتھی قیدیوں نے ان سے صوفیائے کرام کی تصانیف، فتوح الغیب، کشف المحجوب اور احیاء العلوم وغیرہ کے رموز و نکات سمجھے۔ جیل میں ان کی درس و تدریس میں مذہب کے ساتھ ساتھ مارکسزم اور فارسی ادب بھی شامل تھے۔ محنت کشوں سے انہیں بہت محبت تھی۔

فیض احمد فیض ٹھنڈے مزاج کے بے حد صلح پسند آدمی تھے۔ بات کتنی بھی اشتعال انگیز ہوتی یا حالات کتنے ہی ناسازگار ہوتے وہ نہ برہم ہوتے اور نہ طیش میں آتے۔ ہمیشہ سب کچھ تحمل اور خاموشی سے برداشت کرتے۔ ان کی زبان سے کبھی کسی نے گالی نہیں سنی تھی۔

1955ء میں رہا ہونے کے بعد پھر صحافت کی طرف لوٹ آئے اور 1958ء میں مارشل لاء نافذ ہونے تک پاکستان ٹائمز سے منسلک رہے۔ اس دوران 1952ء میں ان کی کتاب دست صبا اور 1956ء میں زندان نامہ شائع ہوئی۔ ملک میں مارشل لاء لگا تو وہ افرو ایشین رائٹرز کانفرنس کے سلسلے میں پاکستان وفد کے ساتھ ملک سے باہر تھے۔ دسمبر 1958ء میں وطن واپس آئے تو حکام نے انہیں گرفتار کر کے تین ماہ کے لئے شاہی قلعہ لاہور میں نظر بند کر دیا۔

1960 کا عشرہ شروع ہوا تو فیض کی شاعری دنیا بھر میں شہرت حاصل کر رہی تھی۔ وہ تمام دنیا کے مظلوم عوام کی آواز بن کر گونج رہے تھے۔ عالمی امن اور انسانیت کی فلاح و بہبود کی خاطر جدوجہد کی نمایاں خدمات کے صلہ میں 27 اگست 1962ء کو ماسکو (سوویت یونین) میں فیض کو لینن امن انعام دیا گیا۔ پاکستان کے بعض اخبارات میں اس پر بہت لے دے ہوئی۔ حکومت نے بھی مختلف بہانوں سے تنگ کرنا شروع کر دیا۔ فیض بہت دل برداشتہ ہوئے۔ جب وہ اپنا انعام وصول کرنے ماسکو گئے تو وہاں سے پاکستان آنے کی بجائے لندن چلے گئے اور دو سال تک وہیں رہے۔ 1964ء میں وطن واپس آئے اور عبداللہ ہارون کالج کے پرنسپل کی حیثیت سے کراچی میں مقیم ہو گئے۔ 1965ء میں ان کی کتاب ''دست تہ سنگ'' اور 1971ء میں ''سر وادی سینا'' شائع ہوئی۔

فروری 1972ء میں صدر پاکستان نے فیض کو قومی ثقافتی ادارہ بنانے کے لئے کہا۔ چنانچہ نیشنل کونسل آف دی آرٹس کے نام سے ادارہ قائم کیا گیا اور فیض احمد فیض کو اس کا چیئرمین بنایا گیا۔ وہ چار برس تک اس ادارے کے چیئرمین رہے اور پھر لاہور چلے آئے۔

فروری 1978ء میں بیروت چلے گئے اور افرو ایشین رائٹرز کے رسالے ''لوٹس'' کی ادارت سنبھال لی۔ اگلے تین سال ان کا قیام بیروت میں رہا مگر وہ وہاں سے ادیبوں کی کانفرنسوں میں شرکت کے لئے لندن، ماسکو اور دنیا کے دیگر بڑے بڑے شہروں میں جاتے رہے اس دوران 1978ء میں ان کی کتاب ''شام شہر یاراں'' اور 1981ء میں ''میرے دل، مرے مسافر'' شائع ہوئیں۔

جنوری 1982ء میں فیض پاکستان واپس آ گئے اور پھر انتقال تک وطن ہی میں رہے۔ انہیں دل کا عارضہ لاحق ہو چکا تھا۔ 19 نومبر 1984ء کو لاہور میں ان کا انتقال ہوا اور 20 نومبر کو انہیں سپرد خاک کیا گیا۔ ان کی شخصیت کے بہت سے پہلو تھے یعنی وہ ادیب تھے، شاعر تھے، نقاد، صحافی، پروفیسر، سیاست دان اور مزدور رہنما تھے لیکن ان کی شہرت اور پہچان ان کی خوبصورت شاعری بنی۔ ان کی تحریروں کا دنیا کی متعدد زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے۔

(بقیہ صفحہ 6)

ملاتے ہیں۔ ان کے نزدیک گو تصوف کی اصطلاح اس وقت رائج نہ تھی لیکن تصوفانہ زندگی بدرجہ اتم موجود تھی۔ حسن بصری کے شاگردوں میں حبیب العجمی مشہور ہیں ان کو عجمی اس لئے کہا جاتا ہے کہ وہ عربی کا تلفظ اچھی طرح نہیں کر سکتے تھے۔ حبیب کے شاگرد داؤد طائی تھے جو ان کے طریقہ تصوف میں ان کے جانشین مانے جاتے ہیں۔ رابعہ بصری حبیب العجمی کی شاگرد تھیں اور اس طرح وہ بھی حسن بصری کے مکتبہ فکر سے متاثر تھیں۔

(بقیہ صفحہ 6)

دوران خون بڑھا ہوا محسوس کرے گا۔ یعنی جلد سرخ اور گرم ہو گی۔ 10۔ سانس لینے میں دقت محسوس کرے گا۔ 11۔ ہاتھ پاؤں ہلانے میں دقت اور سخت نقاہت محسوس کرے گا۔ 12۔ بعد میں جسم کے مختلف حصوں یا کسی ایک حصہ سے خون جاری ہو جائے گا اور مریض بے ہوش ہو جائے گا۔

زہریلے سانپ کی عام طور پر نشانی یہ ہے کہ سر اور جسم کی نسبت گردن پتلی ہوتی ہے۔

میر غلام احمد نسیم صاحب

حضرت حسن بصریؒ

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ: ''حسن بصریؒ کا ذکر ہے کہ کسی نے ان سے پوچھا کہ تم کو غم کب ہوتا ہے تو اس نے جواب دیا کہ جب کوئی غم نہ ہو''

(ملفوظات جلد 9 ص 361)

ابو سعید بن ابی الحسن یاسر البصری مدینہ النبی میں 21ھ بمطابق 642ء پیدا ہوئے۔ ان کی وفات 110ھ بمطابق 728ء بمقام بصرہ عراق میں ہوئی۔ آپ نے 86 سال عمر پائی۔

حضرت حسن ان صوفیاء میں سے ہیں جنہوں نے زاہدانہ زندگی گزارنے پر زور دیا۔ اسلامی فتوحات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں شروع ہوگئی تھیں۔ خلافت راشدہ کے زمانہ میں برابر جاری رہیں۔ حضرت عثمانؓ کے دور میں اختلافات درآنے کا آغاز ہوگیا۔ حسن نے یہ سب ادوار دیکھے تھے۔ آپ ایک آزاد کردہ غلام کے گھر مدینہ میں پیدا ہوئے لیکن ان کی پرورش وادی القری میں ہوئی۔ اموی خلافت کے ابتدائی دور میں وہ بصرہ منتقل ہوگئے اور وہیں پر مستقل سکونت اختیار کرلی۔ اسلامی فوج میں شامل ہوگئے اور ایران کے ساتھ جنگوں میں حصہ لیا اور کچھ دیر خراسان کے گورنر کے سیکرٹری بھی رہے۔ اس دور کی معاشی اور معاشرتی تبدیلیوں نے مادہ پرستی اور اندرونی اختلافات کو جنم دینا شروع کیا تو حسن جیسے مذہبی رجحان اور زاہدانہ طبیعت رکھنے والے کو یہ تبدیلی ناگوار گزری۔ انہوں نے اس ناخوشگوار تبدیلی کو نہ صرف دل سے ناپسند کیا بلکہ اعلانیہ طور پر ناپسند کیا۔ خصوصاً اموی گورنر حجاج کے طرز عمل اور طریق کار کے خلاف انہوں نے ناپسندیدگی کا اظہار اعلانیہ طور پر کیا۔ لیکن حکومت وقت کے خلاف کسی تحریک میں حصہ لینے سے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ حکومت کی تلوار ان کے الفاظ سے زیادہ طاقتور ہے۔ دوسروں کو بھی یہی تلقین کرتے کہ صبر سے کام لیں اور توبہ واستغفار کریں۔ خدا تعالیٰ ان کی دعاؤں اور تضرعات کے ذریعہ تبدیلی لائے گا نہ کہ جلدی میں بدامنی پیدا کرنے سے کیونکہ اس طرح خانہ جنگی کا خطرہ ہے۔ وہ کہتے کہ ایک خارجی جو برائی کو زبردستی اچھائی میں تبدیل کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ برا کرتا ہے۔

حضرت حسن اگرچہ اسلامی علوم تفسیر، حدیث اور فقہ کے مانے ہوئے عالم اور ماہر تھے اور کہا جاتا ہے کہ انہوں نے ان علوم پر تقاریر بھی کیں اور رسالے بھی لکھے لیکن ان کی شہرت ان کی زاہدانہ زندگی گزارنے اور اس کی دوسروں کو تلقین کرنے کی مرہون منت ہے۔ ان کی دلچسپی حصول علم اور اس کے پرچار کی نسبت ایمان کی پختگی اور عمل پر کاربند رہنے، اخلاق کی درستگی اور زاہدانہ زندگی گزارنے پر زیادہ مرکوز نظر آتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے کا قرب اور صحابہ کرام کی تعلیم سے استفادہ کی وجہ سے اور پھر خوف خدا دل میں ہونے کی وجہ سے وہ ہمیشہ مادہ پرستی اور دنیاوی جاہ وجلال کے خلاف جہاد میں مصروف رہے۔ ان کی نصائح میں دنیاوی زندگی کے عارضی ہونے اور اخروی زندگی جو ابدی ہے کا ذکر ملتا ہے۔ تقویٰ اور خدا تعالیٰ کے خوف کا ہمیشہ پرچار کرتے نظر آتے۔ اخلاق کی درستگی پر بہت زور دیتے۔ ایمان کی مضبوطی اور پختگی ہی ان کے نزدیک ابدی خوشی اور مسرت کا باعث تھا۔ جو لوگ دنیوی فوائد کے حصول میں لگے رہتے انہیں کبھی مسرت نصیب نہیں ہوتی معتزلہ اور اشاعرہ دونوں ہی حسن بصری کی عزت کرتے تھے۔

صوفیاء کرام حسن کو ابتدائی صوفیاء میں شمار کرتے ہوئے انہیں بہت اہم مقام دیتے ہیں۔ ان کے زہد و تقویٰ کی شہرت ان کی زندگی میں ہی دور دراز تک پہنچ چکی تھی۔ کہا جاتا ہے کہ جب وہ فوت ہوئے تو بصرہ کے سارے لوگ ان کے جنازہ پر چلے گئے حتیٰ کہ اس روز مغرب کی نماز بروقت بصرہ کی مساجد میں ادا نہ ہو سکی کیونکہ سارے کا سارا شہر ان کی نماز جنازہ میں شامل ہونے کے لئے جنازہ گاہ پہنچا ہوا تھا۔

684ء تا 704ء حسن بصری کی نصائح اور وعظ کا عروج کا زمانہ رہا۔ ان کے وعظ ونصیحت اور تلقین و ہدایت پر مشتمل کوئی کتاب مکمل صورت میں موجود نہیں تاہم جو کچھ بھی موجود ہے اسے اس وقت کی بہترین عربی نثر میں شمار کیا جاتا ہے۔

اقوال: ☆ سچے ملسمان کو نہ صرف یہ کہ گناہ سے پرہیز ہی نہیں کرنا چاہئے بلکہ اس بات کا فکر ہونا چاہئے کہ موت یقینی ہے اور باوجود اچھے اعمال کے نجات یقینی امر نہیں بلکہ خدا کے فضل پر موقوف ہے۔

☆ دنیا دھوکہ باز ہے کیونکہ یہ اس سانپ کی طرح ہے جو چھونے سے تو نرم محسوس ہوتا ہے لیکن وہ زہر قاتل ہے۔

☆ اپنا ہر وقت محاسبہ کرتے رہنا ہی اعمال صالح کا باعث بن سکتا ہے۔

☆ ایک مرتبہ عمر بن عبدالعزیز نے کسی معاملہ میں مشورہ طلب کیا تو فرمایا: ''اگر خدا آپ کے ساتھ ہے تو خوف کس بات کا اور اگر خدا آپ کے ساتھ نہیں تو پھر امید کس بات کی۔''

حضرت حسن بصری اور تصوف

حسن بصری چونکہ حضرت علیؓ کے زیر تربیت رہے تھے اس لئے صوفیا تصوف کی کڑی حضرت علیؓ سے

سانپ کے کاٹنے پر فوری طبی امداد

سانپ کے متعلق ہزاروں داستانیں، افسانے اور حکایتیں منسوب ہیں کچھ سچی کچھ جھوٹی، لیکن ایک چیز بہرحال سچ ہے کہ سانپ اگر کسی کو کاٹ جائے تو اس کی دہشت ہی بہت ہے اور حقیقت بھی یہی ہے کہ سارے کے سارے سانپ زہریلے نہیں ہوتے اعداد وشمار کے مطابق جتنے لوگوں کو سانپ کاٹتے ہیں ان میں سے صرف 30% لوگوں کو سانپ کے تریاق کے ٹیکے یعنی Antivenum Serum کی ضرورت پڑتی ہے۔ باقی 70% بغیر علاج کے صحت یاب ہو جاتے ہیں فرسٹ ایڈ یا ابتدائی طبی امداد کی ضرورت بہرحال ہر ایک کو ہوتی ہے۔ جس جگہ سانپ نے کاٹا ہے اگر وہاں سے ہلکا سا خون نکل رہا ہے یعنی بہہ رہا ہے تو کم از کم یہ ایک نشانی ایسی ہے جسے فوری طور پر قابل علاج گردانا جائے گا۔ اور فوری ٹیکہ لگانے اور ہسپتال میں داخل کرنے کی ضرورت ہے۔

ہسپتال پہنچنے سے پہلے پہلے جو مدد آپ مریض کی کر سکتے ہیں وہ اس طرح ہے۔

1۔ مریض کو سیدھا نہیں لیٹنے دینا۔ اس کو نیم دراز ایسی حالت میں رکھیں کہ دل، سینہ اور سر بازوؤں اور ٹانگوں کی نسبت اونچا رہے (عام طور پر سانپ بازوؤں اور ٹانگوں پر ڈستا ہے)

2۔ اگر ممکن ہو تو جہاں سانپ نے کاٹا ہے وہ جگہ باقی تمام جسم کی نسبت نیچی رکھیں۔ تاکہ سانپ کا زہر دل کی طرف کم سے کم جاسکے۔

3۔ مریض کو خاموش رہنے کی ہدایت کریں۔

4۔ تازہ اور صاف ہوا کا انتظام کریں۔

